کاروبار کی ساخت : آپ کے لئے کونسی صحیح ہے ؟

جب آپ کاروبار شروع کر رہے ہوں ، تو کاروبار کی ایسی ساخت کا انتخاب کریں جو آپ کی ضروریات کے عین مطابق ہے ۔ کاروبار کی ساخت چار قسم کی ہوتی ہے : بلا شراکت کے ملکیتیں ، شراکتیں ، کارپوریشنز ، اور کواپریٹوز ۔

بلا شراکت کے ملکیتیں اور شراکتیں

یہ کاروبار شروع کرنے کا آسان ترین اور سب سے عام طریقہ ہے ، لیکن اس کے ساتھ خامیاں منسلک ہیں ، اور کاروبار کی کامیابی کی ساری ذمہ داری بطور مالک کے آپ پر عائد ہوتی ہے ۔

حق میں دلائل یا فوائد	مخالفت میں دلائل یا نقائص
آپ جلدی اور آسانی سے رجسٹر کرسکتے ہیں ۔	ہر 5 سال بعد آپ کے لئے رجسٹریشن کی تجدید کروانا لازمی ہے ۔
آپ اپنے کاروبار کی رجسٹریشن کی لاگت کم کرسکتے ہیں ۔	آپ اور آپ کے پارٹنر یا حصہ دار کاروبار کے لئے ذاتی طور پر زمہ دار ہیں ۔
آپ کاروبار کے تمام منافع جات براہِ راست خود وصول کرتے ہیں ۔	آپ کا نام تحفظ میں نہیں ۔
کاروبار کے تمام فیصلے آپ کرتے ہیں ۔	آپ کی آمدنی پر ٹیکس آپ کے ذاتی ریٹ پر عائد ہوتا ہے۔

کارپوریشنز

ایک کارپوریشن ایک قانونی وجود ہے جو کاروبار کو اس کے مالک/ناظم سے الگ اور علیحدہ کرتی ہے ۔ آپ (کاروبار کو) وفاقی یا صوبائی طور پر قائم (اِنکارپوریٹ) کرنے کا انتخاب کرسکتے ہیں اور ہر ایک طریقے یا انتخاب کے اپنے فوائد اور نقائص ہیں ۔

Acclr, par le biais de son service d'intelligence d'affaires, reçoit le soutien financier de Développement économique Canada pour les régions du Québec et est membre du Réseau Entreprises Canada.

Acclr, through its business intelligence department, receives financial support from Canada Economic Development for Quebec Regions and is a member of the Canada Business Network.

Développement économique Canada pour les régions du Québec
Canada Economic Development for Quebec Regions

مخالفت میں دلائل یا نقائص	حق میں دلائل یا فوائد
آپ سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ آپ سالانہ فائلیں اور کاروباری ریکارڈ فراہم کریں ۔	آپ کی ذاتی ذمہ داری محدود ہوتی ہے ۔
کارپوریشن قائم کرنے کے لئے آپ دوسرے قسم کے کاروبار سے زیادہ (پیسہ) ادا کریں گے ۔	آپ کے کاروبار کے نام کا تحفظ ہوتا ہے ۔
ہوسکتا ہے کہ آپ سے رہائش یا شہریت کا ثبوت دینے کا مطالبہ کیا جائے ۔	آپ ملکیت منتقل کرسکتے ہیں ۔
	بطور کارپوریشن آپ ٹیکس کے کم ریٹ کے مستحق ہوسکتے ہیں ۔

کوآپریٹوز (منافع کے لئے اور بلا منافع)

کوآپریٹو ایک ایسی کارپوریشن ہے جس کا انتظام اور کنٹرول اس کے ممبران کے ہاتھ میں ہوتا ہے ۔ اس کو یا تو منافع کے لئے یا بلامنافع قائم کیا اور چلایا جاتا ہے ۔ بالکل کارپوریشن کی طرح ، اس کو وفاقی یا صوبائی طور پر رجسٹر کیا جاسکتا ہے اور ہر ایک طریقے یا انتخاب کے اپنے فوائد اور نقائص ہیں ۔

مخالفت میں دلائل یا نقائص	حق میں دلائل یا فوائد
آپ کو ممبران کے درمیان اختلافات حل کرنا ہوں گے۔	آپ کی ذمہ داری محدود ہوگی ۔
ہوسکتا ہے کہ آپ کا فیصلہ کرنے کا عمل زیادہ عرصہ لے ۔	آپ کے منافعے ممبران میں تقسیم کئے جائیں گے ۔
کامیابی حاصل کرنے کے لئے آپ کے لئے ضروری ہوگا کہ تمام ممبران حصہ لیں ۔	آپ کے کوآپریٹو کا کنٹرول جمہوری ہوتا ہے (ایک ممبر ، ایک ووٹ) ۔